© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**اصطلاحات سیاسیات** | مرتبہ: ادارۂ تالیف و ترجمہ جامعہ پنجاب، لاہور۔ شائع کردہ: مرکزی اردو بورڈ ۳۶۔جی گلبرگ، لاہور۔

پاکستان میں اردو کو ذریعۂ تعلیم بنانے کے لیے جو ٹھوس کام کیے جا رہے ہیں ان میں مختلف مضامین کی اصطلاحات کو اردو زبان میں ڈھالنے کا مسئلہ غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ جامعہ پنجاب نے اس مقصد کے لیے ادارۂ تالیف و ترجمہ قائم کر رکھا ہے جو بڑی خاموشی مگر پورے انہماک کے ساتھ اس کام کو سرانجام دے رہا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب سے پیشتر اس ادارے کی طرف سے معاشیات کی اصطلاحات شائع ہو چکی ہیں۔ یہ کتاب سیاسیات کی اصطلاحات کا مجموعہ ہے جسے مرکزی اردو بورڈ نے بڑے اہتمام کے ساتھ ٹائپ پر شائع کیا ہے۔ جن حضرات نے ان اصطلاحات کے ترجمے کا کام کیا ہے ان میں نامور ماہرین تعلیم علم سیاست اور اردو زبان و ادب کے معروف اور مستند اساتذہ شامل ہیں۔ ہر نقشِ اول کی طرح اس نقش میں بھی اصلاح کی گنجائش موجود ہے لیکن یہ نقش اپنی موجودہ صورت میں بھی اپنے اندر بہت بڑی افادیت رکھتا ہے اور اردو زبان میں تعلیم و تدریس کی راہ ہموار کرنے میں اس سے کافی مدد لی جا سکتی ہے۔ ساڑھے چار سو صفحات کی یہ بیش قیمت کتاب جو عمدہ کاغذ پر ٹائپ میں چھپی ہے، ساڑھے چار روپے میں مل سکتی ہے۔

---

**اسلام اور ماڈرن ازم (بزبان انگریزی)** | تالیف: محترمہ مریم جمیلہ صاحبہ۔ شائع کردہ: جناب محمد یوسف خان سنت نگر، لاہور۔ قیمت ۹ روپے۔ صفحات: ۲۵۲۔

اس کتاب کے پہلے اڈیشن پر ترجمان القرآن میں تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ یہ اس کا دوسرا اڈیشن ہے جو سات ابواب کے اضافے کے ساتھ بڑے اہتمام سے شائع کیا گیا ہے۔ مریم جمیلہ کے قلم میں اللہ تعالیٰ نے

© rasailojaraid.com